## سوال

نماز میں جو سنت ہم ادا کرتا ہیں وہ چار ایک ساتھ تھی یا دو دو کر کے ادا کی جاتی تھی

## جواب

سنن موکدہ پڑھنے کا طریقہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ظہر سے پہلے والی چار سنتوں کو کیسے پڑھنا چاہئے، دو دو کر کے پڑھیں یا چار اکٹھی پڑھ لیں۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! چار رکعت والی سنن کو اگرچہ ایک ہی سلام سے اکٹھے پڑھنا درست اور صحیح ہے، لیکن دو دو کر کے پڑھنا زیادہ افضل اور راجح عمل ہے۔ کیونکہ دن اور رات کے تمام نوافل کے بارے میں نبی کریم ﷺ کی حدیث مبارکہ ہے۔ صلاۃ اللیل والنہار مثنی مثنی (ترمذی: 424، قال الالبانی صحیح) دن اور رات کی نماز دو دو رکعات ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث